نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر کالا شاہ کاکو میں تقریب کا انعقاد

## پنجاب میں فاریسٹ ڈے کے تحت شجرکاری کی کامیابی میں محکمہ زراعت کا فعال کردار ہے۔ اُسامہ خان لغاری

## محکمہ زراعت پنجاب کے تحت 5 لاکھ سے زائد پودے لگائے جا رہے ہیں۔ افتخار علی سہو

**لاہور:21 مارچ 2025: محکمہ** زراعت پنجاب کے تحت جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر کالا شاہ کاکو میں شجرکاری کے سب سے بڑے ایونٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق گرین پنجاب کے تحت پودے لگائے جا رہے ہیں۔ عالمی یوم جنگلات پورے پنجاب میں بھرپور انداز میں منایا جا رہا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کو ہر بڑی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کا اعزاز حاصل ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں ورلڈ فاریسٹ ڈے کے موقع پر کروڑوں پودے لگائے جا رہے ہیں۔ شجرکاری مہم میں سرکاری و نجی ادارے فعال عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت 5 لاکھ سے زائد پودے لگائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شجرکاری مہم کی کامیابی کی صورت میں ماحولیاتی آلودگی میں واضح کمی متوقع ہے۔ موجودہ موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ایگروفاریسٹری کا اہم کردار ہے۔ محکمہ زراعت کے تحت شجرکاری کا سب سے بڑا ایونٹ کالا شاہ کاکو میں منعقد کیا گیا۔ کالا شاہ کاکو میں مختلف قسم کے 5 ہزار پھلدار پودے ایک ہی وقت میں لگا کر ایک منفرد مثال قائم کی گئی۔ محکمہ زراعت پنجاب فارم کی سطح پر ایگروفاریسٹری کے فروغ کیلئے رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت تینوں زرعی یونیورسٹیوں کو شجرکاری کا الگ ہدف دیا گیا۔ محکمہ زراعت کے تحت مرکز، تحصیل اور ضلع کی سطح پر پورے پنجاب میں عالمی یوم جنگلات منایا گیا ہے۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو میں پودا بھی لگایا۔

ایونٹ میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، پرنسپل سائنٹسٹ رائس ریسرچ کالا شاہ کاکو ڈاکٹر محمد اعجاز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆